In the Name of the Father and the Son and the Holy Spirit

# Old Testament Survey

# پرانے عہد نامہ کا جائزہ


## Lecture No 4

(By: Shoaib Sharoon)

*MPhil. in Biblical Studies, FC College, Lahore*

# احبار


# Leviticus



احبار کا مطلب ہے ”لاویوں سے متعلق“۔لاوی اِسرائیل کے قبیلوں میں سے ایک تھا جنہیں خُدا کی خدمت کے لئے الگ کیا گیا تھا۔اِس کتاب میں لاویوں اور کاہنوں سے متعلق رسمی قوانین کا ذکر ملتا ہے۔اس کتاب میں خدا کا براہ راست کلام سب سے زیادہ ہے۔یہ کتاب خدا کے لوگوں کے لئے ایک راہنما کتابچہ ہے، جو انہیں پاکیزہ زندگی گزارنے میں راہنمائی کرتا ہے۔یہودی اپنے بچوں کے سب سے پہلے یہ کتاب پڑھاتے ہیں کیونکہ اُن کے مطابق پاک لوگ ہی اس پاک کتاب کو پڑھیں اور پاکیزہ خدا کو جانیں۔اس کی وجہ اس کتاب میں خدا کے حضور آنے کی پاکیزگی کا معیار درج ہے۔مسیحیوں کے لئے یہ ایک اہم کتاب ہے جو کہ خدا کی پاکیزگی اور گناہ کے بارے میں تفصیل سے بیان کرتی ہے۔

# مصنف

# Author



اِس کتاب کا مصنف موسیٰ ہے۔اِس کتاب میں 25 دفعہ سے زیادہ آیا ہے کہ "خُدا نے موسیٰ سے فرمایا"۔ یہ اِس بات کی نشانی ہے کہ موسیٰ کو ہی یہ کلام ملا اور اُسی نے اِسے لکھا۔ یہ کتاب خروج کے واقعات کا تسلسل ہے۔

# سنِ تصنیف
# Date of Writing




علما اِس کتاب کی دو ممکنہ تاریخ بیان کرتے ہیں:
1400 قبل از مسیح اور 1200 قبل از مسیح۔

# ثقافتی پسِ منظر
# Cultural Background

عبرانی لوگ اپنی رسمِ پاکیزگی اور قربانی کے عمل میں قدیم مشرقِ قریب میں تنہا نہیں تھے۔ تقریباً تمام مذہبی روایات میں، جن کے ساتھ عبرانی عقیدہ بھی شامل ہے، اِن سب کے مذہبی روایات میں قربانیاں اور پاکیزگی کا تصور موجود تھا۔ لیکن یہودی کو درجہ ذیل نقات منفرد بناتے ہیں۔

(a) ایک خُدا کے مانتے تھے اور صرف اُسی کے لئے قربانیاں گزرانتے تھے۔

(b) یہودیوں کے پاس کا براہ راست خُدا کا مکاشفہ موجود تھا۔

(c) موروسی گناہ کا ماخذ اور اِنسان پر اِس کے اثرات۔

(d) عبرانی مذہب کا اخلاقی معیار۔

(e) انسانی قربانی کی ممانعت۔

# وجہ تحریر اور پیغام
# Purpose and Message

کتاب کی مرکزی تعلیم اس حکم میں خلاصہ کی گئی ہے:

کیونکہ میں خداوند تمہارا خدا ہوں۔ اسلئے اپنے آپ کو مقدس کرنا اور پاک ہونا کیونکہ میں قدوس ہوں۔ سو تم کسی طرح کے رینگنے والے جاندار سے جو زمین پر چلتا ہے اپنے آپ کو ناپاک نہ کرنا۔ کیونکہ میں خداوند ہوں اور تمکو ملکمصر اسی لئے نکال کر لایا ہوں کہ میں تمہارا خدا ٹھہروں۔ اسلئے تم مقدس ہونا کیونکہ میں قدوس ہوں۔ احبار (11/44-45)

یہ کتاب بنیادی طور پر ایک رہنما یا ہدایت نامہ ہے جو مقدس ہونے کے بارے میں ہے تاکہ عبرانیوں کو مقدس عبادت اور مقدس زندگی گزارنے کی ہدایت دی جاسکے تاکہ وہ خدا کی موجودگی اور برکت سے مستفید ہو سکیں۔
قوانین اور ہدایات کو اس طرح ترتیب دیا گیا تھا کہ سابقہ عبرانی غلاموں کو ایک کاہنوں کی بادشاہی اور مقدس قوم میں تبدیل کیا جائے۔

# احبار کی کتاب کا خاکہ:

# Outline:

4 اہم حصے

- خُدا تک رسائی (باب 1-10)
- خُدا کی حضوری میں زندگی کیسے گزارنی ہے (باب 11-25)
- عہدی برکات اور لعنتیں (باب 26)
- نذرونوں کے بارے میں قوانین (باب 27)

# اہم مضامین:
# Themes:

(a) پاکیزگی۔

(i) موت۔

(ii) کوڑھ۔

(iii) بچے کی پیدائش۔

(iv) مرد اور عورت سے جسم سے نکلنے والے اخراج۔

# اہم مضامین:
# Themes:

(b) قربانیاں۔

(i) نذر کی قربانی۔

(ii) سلامتی کی قربانی۔

(iii) سوختنی قربانی۔

(iv) خطا کی قربانی۔

(v) جرم کی قربانی۔

(c) سبت۔

# یسوع مسیح احبار کی کتاب میں کیسے نظر آتا ہے؟

(a) عبادتی شرعی رسم ورواج۔

(b) قربانیاں۔

(c) فسح۔

(d) یومِ کفارہ۔

(e) خیمہ اجتماع۔

(f) کہانت۔

# Any Questions?